An Roinn Sláinte
DEPARTMENT OF HEALTH

Healthy Ireland

# نئی نیشنلَ ڈرگزسٹریٹیجی یعنی ادویات کی قومی حکمت عملی سے متعلق عوامی مشاورت

محکمہ صحت کی جانب سے منشیات سے متعلقہ نئی قومی حکمتِ عملی کی تشکیل کی جارہی ہےاور 2017 سے بعداز اں منشیات کے مسئلے سے نپٹنے کےلیے حکومتی پالیسی کی تشکیل کی جائے گی۔ یہ نئی حکمت عملی ہم سب کے لیے اہمیت کی حامل ہے: سروس استعمال کرنے والوں، افراد، خاندانوں، کمیونٹیزاورہمارے معاشرے کےلیے بہ حیثیتِ مجموعی۔

عوامی مشاورت کا دورمورخہ **<u>6 ستمبر 2016 اور 18 اکتوبر 2016</u>** کے درمیانی عرصہ کے لیے ہوگا۔ ائرلینڈ میں منشیات کے مسئلے کے ضمن میں نئی حکمت عملی کی تشکیل میں مدد کے لیے ہم **<u>آپکے خیالات</u>** جاننا چاہ رہے ہیں۔

آپ اپنے خیالات کے بارے میں ہمیں، مورخہ 18 اکتوبر 2016 بوقت 5 بجے شام تک، درج ذیل میں سے کسی طریقے کے ذریعے بتاسکتے ہیں۔

اس **سوالنامے** کواستعمال کرتے ہوئے: نیچے دئے گئے ویب سائٹ کے پتہ پرسوالنامے کوان لائن مکمل کریں۔

یا پھر: نیچے دئے گئے پی او باکس پتہ پراسکومکمل کرکے بھیجیں۔

**ہماری ویب سائٹ کے صفحہ پرجائیں:** www.health.gov.ie/drugs-strategy

**ہمیں فون کریں:**1890 10 00 53

**ہمیں خط لکھیں:** نیشنل ڈرگزسٹریٹیجی، پی او باکس 12778 ،گلیناگیئری، کو ڈبلن، ائیرکوڈ

**ای میل کریں** yourviews@drugsstrategy.ie

آپ نیشنل ڈرگزسٹریٹیجی یعنی ادویات سے متعلق قومی حکمت عملی اوراس عوامی مشاورت کے بارے میں مزیدجاننے کے لیے ان طریقوں کو بھی استعمال میں لاسکتے ہیں۔ عوامی مشاورت کے عمل کےاختتام پر، موصول ہونے والے خیالات کوہم رپورٹ میں یکجا کریں گے۔ یہ رپورٹ نیشنل ڈرگزسٹرَیٹیجی سٹیئرنگ کمیٹی کومہیاکی جائے گی تاکہ حکمت عملی کی تشکیل کےضمن میں مدد فراہم کی جاسکے۔

**نیشنل ڈرگزسٹریٹیجی** کامقصداس نقصان سے نپٹناہے جولوگوں اورہمارے معاشرے کومنشیات کے غلط استعمال کی وجہ سے پہنچتاہے۔ اس سوالنامے کےمقاصدکےلیے، دوائی کے غلط استعمال سے مراد کسی بھی دوا، قانونی یا غیرقانونی، کا استعمال ہے جوکسی شخص کی زندگی کےکسی پہلو کویادیگرافراد یا مجموعی طورپرمعاشرے کونقصان پہنچاتی ہے یا نقصان پہنچانے کا اس سے خطرہ ہو، یہ جسمانی، ذہنی یا سماجی فلاح وبہبود ہوسکتی ہے۔ جب ہم لفظ ' ڈرگ' استعمال کرتے ہیں تو اس میں درج ذیل مادے شامل ہوتے ہیں:

- **ناجائز(یاغیرقانونی) ادویات .** مثال کے طورپرکوکین، ہیروئن، چرس،امفیٹامائنزیعنی مرکزی اعصابی نظام کومحرک کرنے والی ادویات، جادوئی کھمبیاں، ایل ایس ڈی اورہیئروئن۔
- **ڈاکٹری نسخہ پرملنے والی ادویات .** جائز(یاقانونی) ادویات جنہیں عام طورپرڈاکٹر، دندان ساز یا نرس، نسخہ پرلکھ کردیتےہیں، جن کے غلط استعمال کاامکان ہوسکتاہومثال کے طورپروہ ادویات جودرد میں آرام، نیندلانے میں مدد، بے چینی اورذہنی دباؤ میں آرام کے لیے نسخہ پردی جاتی ہیں۔ اس میں ادویات یا نقصان دہ استعمال شامل ہے جب یہ دیئے گئے عرصے یا خوراک سے زیادہ لی جائےیا ایسی ادویات کااستعمال کرنا جب ان کا نسخہ آپکے لیے نہیں لکھاگیاتھا۔
- **کاؤنٹرپرملنے والی ادویات (اوٹی سی ایس) .** جائز(یاقانونی) ادویات جن کےلیے عام طورپرڈاکٹری نسخہ کی ضرورت نہیں ہوتی، اس میں ادویات یا نقصان دہ استعمال شامل ہے جب یہ دیئے گئے عرصے یا خوراک سے زیادہ لی جائےیا ایسی ادویات کااستعمال کرنا جب ان کا نسخہ آپکے لیے نہیں لکھاگیاتھا مثال کے طورپرایسی درد کُش ادویات جن میں کوڈین شامل ہوتی ہے۔
- **محلل مادے .** مثلاً ایروسولز، گلوزیعنی گوندیں اورگیس لائٹرکودوبارہ بھرنے والے۔
- **شراب .** مثال کے طورپربیئر،سائیڈرز،سپرٹس، وائن اورالکوپوپ مشروبات۔

نئی حکمت عملی کےلیے آپکے جومعاملات آپکے خیال کے مطابق اہم ہیں ان کے بارے میں **<u>آپکی</u>** مدد اوررہنمائی کے لیے، ہم نے موجودہ نیشنل ڈرگزسٹریٹیجی 2009-2016 کے ستونوں کواستعمال کرتے ہوئے اپنے سوالات ترتیب دیئے ہیں:**ترسیل میں کمی، روک تھام، علاج اوربحالی، تحقیق**۔

# کیاآپکوپتہ تھاکہ آئرلینڈمیں نیشنل ڈرگزسٹریٹیجی موجودہے؟

اگرجواب ہاں میں ہے:

توہماری موجودہ حکمت عملی پر **اپنے خیالات** بیان کریں۔

---

ہمیں بتائیں کہ موجودہ نشینل ڈرگزسٹریٹیجی کے پانچ ستونوں کے بارےمیں **آپ کےخیالات** کیا ہیں۔

---

اگرجواب نہیں میں ہے:

توہمیں بتائیں کہ **آپ** کے خیال میں نئی ڈرگز سٹریٹیجی میں کون سے اہم معاملات زیرغورلائے جانے چاہئیں؟

---

پ کی کمیونٹی میں **آپ کے خیال** میں کون سی ادویات سب سے زیاد نقصان دہ ہیں؟

---

**سپلائی یعنی ترسیل میں کمی:** موجودہ حکمت عملی کے اس ایریا کا مقصدناجائزادویات کی دستیابی میں کمی اورچھوٹی عمرکے لوگوں کے شراب نوشی کے مسائل کوختم کرناہے۔

1 ائرلینڈمیں ادویات کی دستیابی سےمتعلق اپنے خیالات ہمیں بتائیں۔

---

2 آپ کے خیال میں آئرلینڈمیں ناجائزادویات کی دستیابی کم یا زیادہ ہوئی ہے۔

---

3 آئرلینڈمیں ناجائزادویات کی ترسیل میں کمی لانے کے لیے آپ کے خیال میں کیاکیاجاناچاہیے؟

---

4 آئرلینڈمیں ناجائزادویات کی ترسیل میں کمی لانے کے لیے آپ کے خیال میں کیاکیاجاناچاہیے؟

---

**اگرآئرلینڈمیں سپلائی میں کمی سے متعلقہ آپ کے مزید خیالات ہیں توبراہ مہربانی ہمیں یہاں پر بتائیں:**

اگرضروری ہوتواپنے خیالات کےاظہارکےلیے آپ اضافی صفحات استعمال کرسکتے ہیں۔

**روک تھام:** موجودہ سٹریٹیجی یعنی حکمت عملی کے اس ایریا کامقصدمعاشرے میں ادویات کے غلط استعمال سےمتعلقہ خطرات کے ضمن میں بڑے پیمانےپرآگاہی اورشعورکوفروغ دیناہے۔ یہ زندگی کی صحت مندانہ چائسزکوبھی فروغ دیتاہے۔

**5** آپ کے خیال میں آپ کوادویات کے غلط استعمال سے متعلق خطرات کے بارے میں کتنازیادہ علم ہے؟

______________________________

______________________________

**6** آئرلینڈمیں ادویات کے غلط استعمال کی روک تھام کے لیے کی جانے والی کاروائیوں سے متعلقہ اپنے .

a) کیا ان کاروائیوں نےدوا/ ادویات کے غلط استعمال سے متعلق آپ کےرویے پر اثرڈالاتھا؟

______________________________

b) ادویات کے گرد آپ کے رویے کوان کاروائیوں نے متاثرکیاتھا؟

______________________________

**7** لوگوں کو ادویات کے غلط استعمال سے متعلق خطرات کے بارے بتانے کےلیے مزید کیا کیاجاسکتاہے؟

______________________________

______________________________

**8** ڈرگزکے متعلق اپنے بچوں کو عمرکےکس مرحلے پرتعلیم دینی چاہیےاورانہیں اس بارے میں سکھاناچاہیے؟

______________________________

______________________________

**9** ڈرگزکے بارےمیں آپ کے خیال میں اپنے بچوں کو تعلیم دینے میں والدین کے لیےکس قسم کی امداد/ مواد مفید ہوگا؟

______________________________

______________________________

**اگرآئرلینڈمیں سپلائی میں کمی سے متعلقہ آپ کے مزید خیالات ہیں توبراہ مہربانی ہمیں یہاں پر بتائیں:**

اگرضروری ہوتواپنے خیالات کےاظہارکےلیے آپ اضافی صفحات استعمال کرسکتے ہیں۔

**علاج:** موجودہ حکمت عملی میں اس چیزکامقصد ادویات کے غلط استعمال کے مسائل سے دوچارلوگوں کی مدد کرنا، علاج اورامداد تک رسائی حاصل کروانا، انکو، انکے خاندانوں اورانکی کمیونٹیز کوادویات کے غلط استعمال سے پہنچنے والے نقصان کوکم کروانا۔

**10** ہمیں بتائیں کہ آپ کے خیال میں آئرلینڈ میں ادویات اورشراب نوشی کے غلط استعمال کے علاج تک رسائی کتنی آسان ہے؟

**11** آئرلینڈمیں شراب نوشی اورادویات کے غلط استعمال کے مسائل کے لیےدستیاب علاج کے معیارسےمتعلق اپنے خیالات بتائیں۔

**12** بیان کریں کہ وہ لوگ جوادویات کے غلط استعمال کے عمل کوجاری رکھتے ہیں ہم انکی کسطرح مدد کرسکتے ہیں؟

**اگرآئرلینڈمیں علاج سےمتعلق آپ کے مزید خیالات ہیں توبراہ مہربانی ہمیں یہاں پر بتائیں:**

اگرضروری ہوتواپنے خیالات کےاظہارکےلیے آپ اضافی صفحات استعمال کرسکتے ہیں۔

**بحالی:** موجودہ حکمت عملی کی اس چیزکامقصدان لوگوں کی مدد کرناہے جواپنی زندگی کے معیارکوبہتربنانے کے لیے ادویات کے غلط استعمال کے مسئلے سے نپٹ رہے ہیں اوراپنی کمیونٹیزمیں دوبارہ ضم ہورہےہیں۔

**13** ڈرگزسے آزاد زندگی گزارنے کے لیے آپ کے خیال میں لوگوں کی کیسے مدد کی جاسکتی ہے؟

**14** آئرلینڈ میں ہم علاج اوربحالی کی خدمات کوبہتربنانے میں آپ کے خیال میں ہم مزیدکیااقدامات کرسکتے ہیں؟

**اگرآئرلینڈمیں بحالی سےمتعلق آپ کے مزید خیالات ہیں توبراہ مہربانی ہمیں یہاں پر بتائیں:**

اگرضروری ہوتواپنے خیالات کےاظہارکےلیے آپ اضافی صفحات استعمال کرسکتے ہیں۔

**تحقیق:** موجودہ حکمت عملی کی اس چیزکامقصدآئرلینڈمیں ادویات کے غلط استعمال کی نوعیت اورحد سے متعلق مؤثر، بروقت اورقابلِ موازنہ معلومات کا حامل ہوناہے۔

**15** آئرلینڈمیں مستقبل میں آپ کس قسم کی تحقیق کوہوتے ہوئے دیکھنا پسند کریں گے؟

---

**اگرآئرلینڈ میں منشیات کے استعمال کی نگرانی اورتحقیق سے متعلق آپ کے مزید خیالات ہیں توبراہ مہربانی ہمیں یہاں پر بتائیں:** اگرضروری ہوتواپنے خیالات کےاظہارکےلیے آپ اضافی صفحات استعمال کرسکتے ہیں۔

**اگرکسی قسم کے دیگرمعاملات ہیں جوآپ کے خیال میں ادویات سے متعلق نئی قومی حکمت عملی کے لیے ضروری ہیں، توان کے بارے میں ہمیں یہاں بتائیں:** اگرضروری ہوتواپنے خیالات کےاظہارکےلیے آپ اضافی صفحات استعمال کرسکتے ہیں۔

براہ مہربانی ان متعلقہ خانوں میں نشان لگائیں جوآپ کوبہترین طورپربیان کرتے ہوں:

میں جواب دے رہا رہی ہوں بطور:

ایک فرد
- ☐ نوجوان فرد اے) 18 سال سے کم ہی) ☐ (18-25)
- ☐ سروس استعمال کنندہ
- ☐ ماہر
- ☐ کسی ادارےکی جانب سے
- ☐ کیئرریعنی نگران
- ☐ دیگر، براہ مہربانی بیان کریں:

اس سوال نامے کومکمل کرنے پرآپ کا شکریہ۔ عوامی مشاورت کے عمل کےدوران موصول ہونے والے خیالات کوہم رپورٹ میں یکجا کریں گے جونیشنل ڈرگزسٹرؔیٹیجی سٹیئرنگ کمیٹی کومہیاکی جائے گی تاکہ حکمت عملی کی تشکیل کےضمن میں مدد فراہم کی جاسکے۔

## اختیاری

## اگرآپ اپنے کوائف ہمیں مہیاکرناچاہتے ہیں تو آپ ایسا کرسکتےہیں۔

نام: ______________________________

پتہ: ______________________________

______________________________

______________________________

فون: ______________________________

ای میل: ______________________________

وہ لوگ جوہمیں اپنے کوائف مہیاکریں انکی طرف سے موصول ہونے خیالات عوامی مشاورتی رپورٹ میں گمنام حیثیت سے دیئے جائیں گےجبکہ اداروں کی طرف سے ملنے والی فیڈبیک کوان کے ساتھ منسوب کیاجائے گا۔
اگرچہ بھیجے گئے خیالات کے ضمن میں انفرادی طورپرجواب نہیں دیاجائے گا مگرمتعلقہ تجاویزکونیشنل ڈرگزسٹریٹیجی سٹیئرنگ کمیٹی کی جانب سے نئی نیشنل ڈرگز سٹریٹیجی کی تشکیل کرتےوقت زیرغورلایاجائے گا۔

**ہماری ویب سائٹ کے صفحہ پرجائیں:** www.health.gov.ie/drugs-strategy

**ہمیں فون کریں:**1890 10 00 53

**ہمیں خط لکھیں:** نیشنل ڈرگزسٹریٹیجی، پی او باکس XXX، گلیناگیئری، کو ڈبلن، ایئرکوڈ

**ای میل کریں** yourviews@drugsstrategy.ie